بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Bustan-ul-Aloom
Mujahid Abad Kadhala (A.K.)

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيٰتِكَ

اے رب ہمارے اور بھیج ان میں ایک رسول انھیں میں سے کہ ان پر تیری آیتیں تلاوت کرے (بقرہ: ۱۲۹)

وکونوا مع الصادقین
اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ

# دُعائے خلیل

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
ایم۔ اے، پی۔ ایچ۔ ڈی

بین الاقوامی سلسلۂ اشاعت نمبر

۱۴

ادارۂ مسعودیہ
۵۔ ای، ۲/۶، ناظم آباد۔ کراچی، (سندھ)
اسلامی جمہوریہ پاکستان، ۱۴۱۶ھ/۱۹۹۶ء

DESIGNED & PROCESSED BY : AL-HADI PH : 652919

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

رَبَّنَا وَابۡعَثۡ فِیۡہِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡہُمۡ یَتۡلُوۡا عَلَیۡہِمۡ اٰیٰتِکَ

اے رب ہمارے اور بھیج ان میں ایک رسول انھیں میں سے کہ ان

پر تیری آیتیں تلاوت کرے (قرآن حکیم سورۃ بقرہ ۲: ۱۲۹)

# دعائے خلیل

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

ایم۔اے۔پی۔ایچ۔ڈی

ادارۂ مسعودیہ

۲ / ۶،۵۔ای، ناظم آباد، کراچی، سندھ

اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۴۱۷ھ / ۱۹۹۶ء



Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحیم

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

تقریباً چار ہزار برس پہلے ----- جب نار نمرود ٹھنڈی ہو چکی ---- جب تعمیر کعبہ مکمل ہو چکی ---- تو اللہ کے اس برگزیدہ رسول نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھاتے ---اور پھر وادی مکہ کی نورانی فضاؤں میں یہ آواز گونج رہی تھی ----

رَبَّنَا وَ ابْعَثْ فِیْہِمْ رَسُوْلًا مِّنْہُمْ یَتْلُوْا عَلَیْہِمْ اٰیٰتِکَ وَیُعَلِّمُہُمُ الْکِتٰبَ وَ الْحِکْمَۃَ وَیُزَکِّیْہِمْ ؕ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ○ (۱)

(ترجمہ) "اے ہمارے پروردگار انہیں میں سے ان میں ایک رسول بھیج جو ان کو تیری آیتیں پڑھ کر سناتے اور تیری کتاب اور حکمت سکھاتے اور انہیں خوب پاک صاف کر دے ۔ بے شک تو ہی غالب حکمت والا ہے"۔

یہ دعا آسمان کی بلندیوں سے گزر کر عرش تک پہنچی اور دربار الٰہی میں قبول ہوتی کہ ایک برگزیدہ رسول کی دعا تھی ---- پھر اس نبی منتظر کی آمد کے ذکر واذ کار ہونے لگے ۔ ہندوستان کے ویدوں (۲) میں، اپنشدوں (۳) میں اور پرانوں میں صاف وہ نام نامی ، "محمد" اور "احمد" نظر آ رہا ہے (۴) ---- زبور میں، حضرت سلیمان علیہ السلام کے صحیفوں میں اور توریت میں آپ کی آمد کا ذکر ہے اور "محمد" اور "احمد" کی گونج سنائی دے رہی ہے، گوتم بدھ کے ملفوظات میں "رحمتہ للعالمین" کی آمد آمد کا ذکر ہے (۵) اور آخر میں حضرت عیسٰی علیہ السلام یہ بشارت سناتے ہوتے آسمان کی طرف



Marfat.com

اٹھتے چلے گئے۔

يٰبَنِىٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّى رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَىَّ مِنَ التَّوْرٰةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ يَّاْتِىْ مِنْۢ بَعْدِى اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ○ (۶)

(ترجمہ) اے بنی اسرئیل! میں تمھاری طرف اللہ کا رسول ہوں، اپنے سے پہلی کتاب کی توریت کی تصدیق کرتا ہوں اور اس رسول کی بشارت سناتا ہوں جو میرے بعد تشریف لائیں گے اور جن کا نام "احمد" ہے۔

بعثت نبوی سے پہلے آپ کی آمد آمد کا اتنا چرچا کیا گیا کا سارا عالم آپ کا منتظر ہوگیا --- قرآن کہتا ہے کہ یہود و نصاری آپ کو اس طرح جانتے پہچانتے ہیں جس طرح اپنے بیٹوں کو جانتے پہچانتے ہیں --- آپ کا ذکر اتنا ہوا، اتنا ہوا کہ آنے سے پہلے آپ کی شخصیت جانی پہچانی ہوگئی --- یہ امتیاز نوع انسانی میں صرف اور صرف حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حاصل ہوا --- اہل کتاب کے بارے میں قرآن کا ارشاد ہے:-

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ (۷)

(ترجمہ) جنہیں ہم نے کتاب عطا فرمائی وہ اس نبی کو ایسا پہچانتے ہیں جیسے کہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔

ہاں، دعائے خلیل قبول ہوئی اور وہ آنے والا اس شان سے آیا کہ عالم کا رنگ



Marfat.com

ہی بدل کر رہ گیا ---- ایک بہار آگئی ---- مرجھائے ہوئے مسکرانے لگے ---- ایسی روشنی آگئی ---- بھٹکنے والے راہ پر لگ گئے ---- یہ نوعِ انسانی پر اللہ کا خاص احسان تھا، اس کو جتایا گیا، اس کو دکھایا گیا اور ارشاد ہوا:-

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ (۸)

(ترجمہ) بے شک مسلمانوں پر اللہ کا بڑا احسان ہوا کہ انھیں میں سے ان میں ایک رسول بھیجا جو ان کو اللہ کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے، انھیں پاک صاف کرتا ہے اور انھیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اس سے پہلے وہ کھلی گمراہی میں تھے۔

اللہ، اللہ یہ کلمات تو وہی ہیں وادیٔ مکہ میں جن کی گونج سنی گئی تھی ---- حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی وہ آرزو پوری ہوئی اور وہ تمنا بر آئی ---- جبلِ فاران سے کبھی غروب نہ ہونے والا ایک آفتاب جہاں تاب طلوع ہوا ---- ہاں وہ آنے والا آیا اور سارے عالم کے لئے آیا ---- اور اعلان کر دیا گیا:-

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ۨالَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ (۹)

(ترجمہ) اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول ہوں کہ جس کی بادشاہی آسمانوں میں بھی ہے اور زمینوں میں بھی۔



Marfat.com

بعثت نبوی کے وقت دنیا میں پانچ مذاہب نمایاں تھے ---- مجوسی : یہ ایران خراسان ، افغانستان ، ترکستان اور پاک و ہند مین پائے جاتے تھے ---- عیسائی : یہ عرب کے کچھ علاقوں ، ایشائے کوچک ، یورپ و افریقہ میں پائے جاتے تھے ---- یہودی : یہ بھی عرب کے کچھ علاقوں میں موجود تھے ---- بدھ : یہ پاک و ہند ، جزائر شرقی ، جاپان ، چین ، منگولیا ، منچوریا ، تبت وغیرہ میں تھے ---- سوفسطائی : جن کو عقلیت پرست کہا جاتے ، یہ دنیا کے ہر خطے میں موجود تھے ---- اور عرب کا حال یہ تھا کہ عیسائیوں اور یہودیوں کے علاوہ کچھ لوگ دین ابراہیمی کے پیرو تھے باقی بت پرست اور دھریہ تھے ---- سب اپنی اپنی جگہ موجود تھے ، سب ہدایت و حکمت کے دعویدار تھے لیکن ہدایت و حکمت ناپید تھی اور ماحول تیرہ و تار تھا ---- جبل فاران میں ، جبل حرا میں ، جبل نور میں اس پیکر نورانی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زندگی کی نہ معلوم کتنی راتیں یہاں گزاریں ---- لیکن آج ان راتوں کے شباب کا دن ہے ---- روح القدس جلوہ گر ہیں اور سامنے محبوب کبریا ہیں : ۔

اقراء ---- پڑھئے ۔ (۱۰)

آپ فرماتے ہیں :۔

میں پڑھا ہوا نہیں

پھر جب روح القدس نے آخری بار بغل گیر کر کے عرض کیا :۔

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ ○ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ○
اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ ○ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ○ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ ○ (۱۱)



Marfat.com

(ترجمہ) اپنے رب کے نام سے پڑھو، وہ جس نے آدمی کو خون بستہ سے پیدا کیا... پڑھو کہ تمہارا رب ہی سب سے بڑا کریم ہے... جس نے قلم سے لکھنا سکھایا... آدمی کو وہ کچھ سکھایا جو وہ نہ جانتا تھا۔

رب العالمین کا نام آنا تھا کہ آپ پڑھتے چلے گئے... پڑھتے چلے گئے اور سارے عالم کو یہ درس دے گئے کہ علم و دانش کی بات کرو تو اس کو نہ بھلا دینا جس نے تم کو بنایا اور سنوارا... جس نے اس کو بھلا دیا، اس نے حکمت و دانائی کو خاک میں ملا دیا... جس رات آپ نے یہ ادب سکھایا وہ ۶۱۰ء کی کوئی رات تھی... وحی آنے لگی... مینہ برسنے لگا... سیلاب امنڈنے لگا... ۴۰ سال کی عمر شریف میں وحی کا آغاز ہوا[۱۲] اور ۲۳ سال تک یہ سلسلہ جاری رہا... اور ۲۳ سال کے اندر اندر جس کتاب / حکمت کی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آرزو کی تھی دنیا کے سامنے پیش کر دی گئی... حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا تھا... وہ آنے والا کتاب حکمت پڑھ کر سنائے... کتاب / حکمت کی تعلیم دے اور کتاب حکمت کے چھپے بھید بتائے، حکمت و دانش نورانی سے ان کے دلوں کو جگمگا دیا... دلوں کو جلا دیا... آج وہ کتاب حکمت اتر رہی ہے... آرزوئیں اور تمنائیں ایک ایک کر کے پوری ہو رہی ہیں...

قرآن حکیم نازل ہوتا جاتا اور حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، صحابہ کرام کو لکھواتے جاتے... کاتبین وحی کی تعداد چالیس سے زیادہ ہے اور ایسے صحابہ کی تعداد ۱۳ کے لگ بھگ ہے جنہوں نے پورا قرآن حکیم لکھ کر محفوظ کیا... ان میں



Marfat.com

یہ صحابہ بھی ہیں ---- ابی بن کعب، ابو زید، معاذ بن جبل، عبداللہ بن عمر بن عاص، زید بن ثابت رضی اللہ عنہم (۱۳)

حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کتابت کراتے اور تلاوت بھی فرماتے ---- اللہ اللہ وہ کیا فضا ہوگی ---- وہ کیا سماں ہو گا جب زبان رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) سے کلام خدا ادا ہو رہا ہو گا! ---- آنکھوں سے آنسو ابل رہے تھے ---- سینوں سے دل نکل رہے تھے ---- جبینوں میں سجدے مچل رہے تھے ---- قرآن حکیم نے ان بے قراروں کا یہ نظارہ دکھایا ہے :--

اور جب وہ سنتے جو رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف اترا
تو دیکھو کہ ان کی آنکھیں آنسوؤں سے ابل رہی ہیں اس لئے کہ وہ
حق پہچانتے ہیں کہتے اے رب ہمارے! ہم ایمان لائے۔ تو
ہمیں حق کے گواہوں میں لکھ لے۔ (۱۴)

ایک اور جگہ فرمایا:۔

اِذَا یُتْلٰی عَلَیْهِمْ یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ○ (۱۵)

(ترجمہ) جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ ٹھوڑی کے
بل سجدے میں گر پڑتے ہیں۔

یہ قرآن جلوتوں میں بھی پڑھا جاتا ہے اور خلوتوں میں بھی ---- خلوتوں کی طرف قرآن حکیم نے یوں اشارہ فرمایا ہے:۔

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِىْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ۗ اِنَّ
اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ○ (۱۶)



Marfat.com

(ترجمہ) اور یاد کرو جو تمہارے گھر میں پڑھی جاتی ہیں اللہ کی آیتیں اور حکمت بے شک اللہ ہر باریکی جانتا ہے، خبردار ہے۔

گھروں میں ازواج مطہرات بھی پڑھتیں اور حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی تلاوت فرماتے تھے۔۔۔۔ آپ کا معمول تھا نماز عشاء کے بعد باہر سے آنے والے وفود سے ملاقاتیں فرماتے۔۔۔۔ اللہ اکبر: چراغ کی روشنی میں چٹائیوں پر بین الاقوامی مسائل طے ہوتے تھے اور امور مملکت حل کئے جاتے تھے! ۔۔۔۔ ایک رات دیر سے گھر سے تشریف لائے تو فرمایا آج ایک "حزب" میں سے کچھ باقی رہ گیا تھا مناسب خیال کیا کہ اس کو پڑھ کر پھر باہر آتوں۔۔۔۔ (۱۷) قرآن حکیم کو آپ نے سات "احزاب" یعنی حصوں میں تقسیم فرمایا تھا اور اس واقعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ کم از کم روزانہ ایک "حزب" ضرور تلاوت فرماتے تھے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ صرف یہ کہ قرآن حکیم لکھوایا بلکہ آپ نے اس کے آداب بھی بیاں فرماتے۔۔۔۔ آپ نے یہ ارشاد باری سنایا:-

قرآن آہستہ آہستہ، ٹھہر ٹھہر کر پڑھو۔۔ (۱۸)

آپ نے فرمایا:-

قرآن کو دیکھ کر پڑھا کرو کہ اس کا اجر بغیر دیکھے پڑھنے سے ایک ہزار درجہ زیادہ ہے۔۔ (۱۹)

آپ نے فرمایا:-

اپنی آوازوں کو قرآن سے مزین کرو۔۔ (۲۰)

آپ نے فرمایا:-



Marfat.com

قرآن کو اپنی آوازوں سے مزین کرو۔۔ (۲۱)

آپ نے فرمایا:۔

اچھی آواز سے پڑھنے والا وہ ہے جب پڑھے تو معلوم ہو کہ خدا سے ڈر رہا ہے۔۔ (۲۲)

آپ نے فرمایا:۔

پابندی سے تلاوت کیا کرو کہ یہ تلاوت زمین میں تمہارے لئے نور ہے اور آخرت میں سرمایہ و ذخیرہ۔۔ (۲۳)

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی تھی کہ وہ آنے والا کتاب پڑھ کر بھی سناتے اور کتاب پڑھنا بھی سکھاتے۔۔۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن کو پڑھ کر بھی سنایا اور قرآن پڑھانا بھی سکھایا کہ بھیجنے والے کا یہی ارشاد تھا:۔

يَآاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ط (۲۴)

(ترجمہ) اے رسول جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے اترا ہے اس کو پہنچا دو۔۔

حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تعلیم قرآن کا آغاز فرمایا۔۔۔ آپ کے پاس قرآن مکتوب موجود تھا جس کا ذکر قرآن حکیم نے اس طرح کیا ہے:۔

وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ○ (۲۵)

(ترجمہ) اور کہنے لگے (یہ تو) اگلوں کی کہانیاں ہیں جو انھوں نے لکھ رکھی ہیں تو وہ ان پر صبح و شام پڑھی جاتی ہیں۔



Marfat.com

حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن حکیم خود پڑھایا پھر جن صحابہ کو قرآن پڑھایا ان سے فرمایا کہ اب تم دوسروں کو قرآن پڑھاؤ---- جو قبائل مدینہ منورہ آکر مشرف بہ اسلام ہوتے ان کے ساتھ معلمیں قرآن کر دتے جاتے---- حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر قریہ، ہر شہر، ہر قبیلے میں ایک معلم قرآن صحابی مقرر فرمایا جن کا دن رات یہی کام ہوتا کہ وہ قرآن حکیم کی تعلیم دیتے---- جن بستیوں میں اسلام پہنچا وہاں مسجدیں بنائی جاتی۔ جہاں قرآن پڑھا جاتا اور پڑھایا جاتا---- حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دنیا میں کیا تشریف لاتے گویا دبستان کھل گیا---- عہد نبوی میں جہاں جہاں معلمین قرآن کی ضرورت ہوتی وہاں معلمین قرآن بھیج دیتے جاتے---- ۴ ھجری میں بنی عامر کے لئے ۷۰ معلمین قرآن بھیجے گئے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مناصب اور عہدوں پر تقرری اور ترقی کا دارومدار قرآن کو قرار دیا، جو قرآن کا زیادہ عالم ہوتا اس کو اسی اعتبار سے بڑا عہدہ دیا جاتا---- آپ نے فرمایا:-

> تم میں سے بہتر شخص وہ ہے جس نے قرآن کی تعلیم حاصل کی
> اور دوسروں کو اس کی تعلیم دی۔-(۲۶)

ذرا غور تو فرمائیں کہ قرآن کی تعلیم نے صدر اوّل کے مسلمانوں کو ایسا جہاں بان و جہاں آرا بنایا جس کی نظیر دنیا میں نہیں ملتی---- آج اتنے سارے علوم پڑھ کر بھی ہم وہ مقام حاصل نہ کر سکے اور وہ خوبی پیدا نہ کر سکے---- قرآن کو بھلا کر ہم نے کچھ نہ پایا سب کچھ کھو دیا---- کاش ہم سب کچھ بھلا دیتے مگر قرآن کو یاد رکھتے---- کبھی رسوا نہ ہوتے، ہمیشہ سرفراز رہتے---- یہ محض خیال نہیں، تاریخی حقیقت ہے۔



Marfat.com

حضور انور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے سرکاری اور غیر سرکاری سطح پر قرآن کے وقار کو اتنا بلند کیا کہ پھر کبھی اتنا بلند نہ ہوا۔۔۔ آج ہمارا یہ حال ہے قاری قرآن کو خاطر میں نہیں لاتے ہزاروں لاکھوں قاری اور حافظ قرآن معاشی مشکلات کا شکار ہیں اور معاشرے میں ان کا کوئی مقام نہیں، بعض مقام پر ان کو وہ تنخواہیں دی جاتی ہیں جو چپڑاسیوں اور کلرکوں کو ملتی ہیں اور بعض مقامات پر یہ بھی نہیں۔۔۔ مسلم معاشرے میں قرآن کو پڑھانے والوں کا یہ حال سخت غم ناک والم ناک ہے۔۔۔

حضور انور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا:۔

جس کے سینے میں قرآن کا کوئی حصہ نہیں وہ ویران گھر کی مانند ہے۔۔ (۲۷)

آج کتنے ویران گھر ہمارے اسکولوں میں، کالجوں میں اور یونیورسٹیوں میں ملتے ہیں۔۔۔

کوئی ویرانی سی ویرانی ہے
دشت کو دیکھ کر گھر یاد آیا

حضور انور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا:۔

وہ گھر خیر سے بالکل خالی ہے جس میں اللہ کی کتاب کا کوئی حصہ نہ ہو اس گھر کی مثال ایسے ویرانے کی سی ہے جس کا کوئی آباد کرنے والا نہ ہو۔۔ (۲۸)

آج کتنے محل، کتنی کوٹھیاں، کتنے بنگلے، کتنے گھر، کتنی جھونپڑیاں آباد ہوتے ہوئے بھی ویران ہیں،۔۔۔ اللہ اللہ ہماری آبادیاں بھی ویران ہیں۔

حضور انور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے نہ صرف یہ کہ عرب قبائل میں قرآن کی



Marfat.com

تعلیم کو عام کیا بلکہ آپ نے شاہان عالم اور قبائلی سرداروں اور امراء سلطنت کے نام خطوط لکھ کر "قرآن" کا پیغام پہنچایا مثلاً

ایتھوپیا کے بادشاہ نجاشی کے نام نامہ مبارک ارسال فرمایا۔۔ (۲۹) سلطنت روم کے بادشاہ، وہ سلطنت جو نہ صرف یورپ بلکہ شمال مشرق میں ترکستان، روس، جنوب میں شام اسکندریہ، مغرب میں بحیرہ روم میں اندلس تک پھیلی ہوئی تھی اس عظیم سلطنت کے بادشاہ، ہرقل کے نام آپ نے نامہ مبارک ارسال فرمایا اور قرآن کا پیغام پہنچایا۔۔ (۳۰) ملک فارس کے بادشاہ خسرو پرویز کے نام نامہ مبارک ارسال فرمایا۔۔۔ فارس و ایران کی حکومتیں ایشیا کی عظیم الشان طاقت سمجھی جاتی تھیں اور عرب کے اکثر علاقے اس کے زیر نگین تھے۔۔ (۳۱) حضور انور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے شاہ ہرمزان کے نام، شاہ یمامہ کے نام شاہان حمیر کے نام، حاکم بحرین کے نام، سرداراں بنی کلب اور حضرت موت کے نام۔۔ (۳۲) نامہ ہائے مبارک ارسال فرمائے اور قرآن کے پیغام کو سارے عالم میں پھیلایا۔۔۔ اور دور و نزدیک سب کو حکمت کی تعلیم دی۔

قرآن حکیم اسرار و معارف اور حکمت و دانش کا خزینہ ہے۔۔۔ اس کے آنے سے علم و دانش میں بہار آگئی۔۔۔ ظلم و جہل کی تاریکیاں چھٹ گئیں۔۔۔ ہر جدید صحت مند انقلاب کے پیچھے قرآنی تعلیمات جھلکتی نظر آتی ہیں اور علمی انقلاب کا آغاز تو نزول وحی کے آغاز سے ہو چکا تھا۔۔۔ دن بدن نئے نئے علوم و فنون نکلے چلے آرہے ہیں؟۔۔۔ یہ کہاں سے آرہے ہیں؟۔۔۔ پہلے کیوں نہیں آتے، اب کیوں آرہے ہیں؟۔۔۔ دنیا تو ہزاروں برس سے قائم ہے۔۔۔ یہ کس نے پردہ اٹھایا۔۔۔ یہ



Marfat.com

کس نے جلوہ دکھایا۔۔۔ سنئے سنئے قرآن کیا کہہ رہا ہے:۔

مَافَرَّطْنَا فِی الْکِتٰبِ مِنْ شَیْءٍ (۳۳)

(ترجمہ) ہم نے اس کتاب میں کچھ اٹھا نہ رکھا۔

اور فرمایا:۔

وَنَزَّلْنَا عَلَیْکَ الْکِتٰبَ تِبْیَانًا لِّکُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًی وَّرَحْمَةً وَّ
بُشْرٰی لِلْمُسْلِمِیْنَ ۝ (۳۴)

(ترجمہ) اور ہم نے تم پر قرآن اتارا، ہر چیز کا روشن بیان، مسلمانوں کے لئے ہدایت ورحمت اور بشارت۔

اور فرمایا:۔

وَهُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ اِلَیْکُمُ الْکِتٰبَ مُفَصَّلًا ط (۳۵)

(ترجمہ) اور وہی ہے جس نے تمہاری طرف مفصل کتاب اتاری۔

ان آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن میں سب کچھ بیان کر دیا گیا ہے۔۔۔ نظر نظر کی بات ہے۔۔۔ کسی کو الفاظ و حروف نظر آتے ہیں، کسی کو معانی اور کسی کو اسرار و معارف کا ایک دریا امنڈتا نظر آتا ہے۔۔۔ قاضی ابو بکر بن عربی لکھتے ہیں۔

قرآن کریم میں ۷۷ ہزار ۴ سو ۵۰ علوم ہیں۔۔ (۳۶)

ابتدائی صدیوں میں قرآن کا اتنا چرچا تھا کہ ایک ایک طالب علم علوم قرآنیہ پر سو سو کتابیں پڑھتا اور سماعت کرتا۔۔۔ بلاشبہ قرآن کریم میں ایسے ایسے نکات اور اسرار و معارف ہیں جس سے دور جدید کے ماہرین بغیر کوشش و محنت اور تجربوں کی



Marfat.com

کلفتوں کے بہت سے حقائق معلوم کر سکتے ہیں اور کرتے ہیں۔۔۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس قرآن کی تعلیم دی جس کے اندر نہ معلوم کتنی صدیوں کے تجربات سمو کر رکھ دیتے گئے ہیں۔۔۔ اقبال نے کیا خوب کہا ہے:-

صد جہان تازہ در آیات اوست

عصر ہا پیچیدہ در آیات اوست

حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی قرآن میں وہ کچھ دکھایا جو دوسروں کو نظر نہ آیا آپ نے دیکھا بھی اور دکھایا بھی۔۔۔ خود باخبر تھے ہمیں باخبر رکھا اور ایک ایسی کتاب حکمت دی جس کے راز ہائے پنہاں روز بروز کھلتے چلے جاتے ہیں۔۔۔ ریاضیات والے ریاضیات کے عجائبات دیکھ رہے ہیں۔۔۔ فلکیات والے فلکیات کے عجائبات دیکھ رہے ہیں۔۔۔ طبیعات والے طبیعات کے عجائبات دیکھ رہے ہیں قرآن کیا ہے مجموعہ عجائبات ہے۔ جو اس طرف آتا ہے خالی ہاتھ نہیں جاتا بلکہ یہاں تو عالم یہ ہے۔۔۔ ع

مجبور یک نظر آ، مختار صد نظر جا

قرآن کی ایک ایک آیت میں دانش و حکمت کے سینکڑوں جہاں پنہاں ہیں۔۔۔ نیک و بد کی اس دنیا میں، خیر و شر کے اس عالم میں ہم قطعی طور پر یہ نہیں جان سکتے کہ کون سی بات اور کونسا عمل مفید ہے اور کونسا عمل مہلک۔ کونسا عمل ہم کو پستی کی طرف لے جانے والا ہے اور کونسا عمل ہلاک کرنے والا ہے۔۔۔ ہم کو ایسے ذریعہ کی جستجو ہے جو برق رفتاری کے ساتھ منزل تک پہنچا دے کہ عمر بے مایہ تو پائدار ہی نہیں۔۔۔ ایک شرر ہے، ایک چنگاری ہے۔۔۔ تجربوں کے لئے کہاں سے عمریں



Marfat.com

لائیں؟ روز زندگیاں گنوائیں۔۔۔ بلاشبہ یہ وحی ہے جو زندگی کی آواز بن کر اس مشکل مرحلے پر ہم کو سہارا دیتی ہے اور ہماری دست گیری فرماتی ہے۔۔۔ بھٹکنے والوں کو راہ پر لگاتی ہے۔۔۔ یہ ایک روشنی ہے جو تجربوں کے ذریعے منزل تک پہنچنے والوں کو بغیر محنت و کلفت کے منزل تک پہنچا دیتی ہے۔۔۔ اور مختصر زندگی میں وہ کچھ بتا دیتی ہے جو صدیوں میں بھی ہم نہ پاسکیں۔۔۔ قرآن کہتا ہے:۔

هُوَ الَّذِیْ یُنَزِّلُ عَلٰی عَبْدِهٖۤ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ لِّیُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ؕ (۳۷)

(ترجمہ) وہی ہے جو اپنے بندے پر روشن آیتیں اتارتا ہے تاکہ تمھیں اندھیروں سے اجالے کی طرف لے جائے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روشنیاں لے کر آئے۔۔۔ نہیں نہیں خود روشنی بن کر آئے ایک ایسی تیز روشنی جو مستقبل کے دھندلکوں میں بھی اسی طرح دکھاتی ہے جیسے بالکل سامنے ہو۔۔۔ کیوں نہ ہو؟

فَاَوْحٰۤی اِلٰی عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰی ؕ (۳۸)

(ترجمہ) اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی۔

اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دل میں اسرار و معارف کے جو خزانے چھپائے تم کو کیا بتائیں؟ ۔۔۔ احادیث کے مطالعہ سے مستقبل کا ایک نیا جہاں سامنے آتا ہے آپ نے وہ وہ باتیں بتادیں جو آج ہم دیکھ رہے ہیں سن رہے ہیں اور محسوس کر رہے ہیں۔۔۔ سنئے سنئے آپ کیا فرما رہے ہیں:۔

۱ ------ زمانہ ایک دوسرے کے قریب ہو جائے گا تو سال مہینہ کی



Marfat.com

طرح ہو جائے گا اور مہینہ ایک ہفتہ کی طرح اور ہفتہ ایک دن کے برابر اور ایک دن ایک ساعت کی طرح اور ایک ساعت آگ کی چنگاری کی طرح۔۔ (۳۹)

۲ ------- تجارت عام ہو جائے گی اور کوئی شخص خرید و فروخت کرے گا تو کہے گا پہلے میں فلاں جگہ کے تاجر سے مشورہ کر لوں۔۔ (۴۰)

۳ ------- میری امت کے کچھ لوگ شراب پئیں گے، ان کے سروں پر گانے بج رہے ہوں گے۔۔ (۴۱)

۴ ------- موت اچانک آجایا کرے گی، فالج اور حرکت قلب بند ہو جانا عام ہو جائے گا (۴۲)

۵ -------فتنے ظاہر ہونگے اور لوگ عمارتوں میں پھیل جائیں گے۔۔ (۴۳)

۶ ------- دین بگڑ جائے گا، سجاوٹ ظاہر ہوگی اور عمارتوں کو معزز بنایا جائے گا، خون بہے گا۔۔ (۴۴)

۷ -------امین خیانت کرے گا اور خائن کو امین بنایا جائے گا۔۔ (۴۵)

۸ ------- باتیں رہ جائیں گی، عمل ختم ہو جائے گا، زبانیں بدل جائیں گی اور دلوں میں بغض بھر جائے گا اور لوگ آپس میں مخلصانہ تعلقات ختم کر دیں گے۔۔ (۴۶)

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں باخبر رکھا اور حکمت و دانائی کی وہ تعلیم دی جو قرآن حکیم میں سیلاب کی طرح امنڈ رہی ہے۔۔۔ قرآن حکیم کے مطالعہ سے زندگی کے جو حقائق اور اسرار و معارف معلوم ہوتے ہیں ان کی ایک جھلک ملاحظہ فرمائیں:۔



Marfat.com

۱ ------ پہلی بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ خیر اور نیکی کے آگے شر اور بدی کی طاقت غالب نہیں آسکتی خواہ بظاہر وہ کتنی ہی قوی معلوم ہوتی ہو.... مثلاً جالوت کے مقابلے میں طالوت کی فتح، فرعون کے مقابلے میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نصرت و کامیابی، قریش کے مقابلے میں حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فتح و نصرت وغیرہ وغیرہ۔

۲ ------ دوسری بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ اشیائے عالم میں خالق عالم کا حکم جاری و ساری ہے.... ہر شے کی تاثیر اس کے حکم سے وابستہ ہے جب وہ حکم دیتا ہے تو تاثیر بدل جاتی ہے.... مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام کی عصا، نمرود کی آگ۔

۳ ------ تیسری بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ جب وہ قادر قدیر چاہتا ہے تو عام اصول فطرت کے خلاف واقعات ظہور میں آتے ہیں مثلاً حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت، حضرت یحییٰ علیہ السلام کی ولادت، حضرت مریم علیہا السلام کے لئے درخت کا سبز ہو کر پھل دینا، حضرت مریم علیہا السلام ہی کے لئے بے موسم کے پھل اُترنا۔ حضرت عزیر علیہ السلام کا ایک سو برس کے بعد زندہ ہونا، ہزاروں نبی اسرائیل کا ایک نبی کی دعا سے دوبارہ زندہ ہونا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے دریا میں راستہ بن جانا۔



Marfat.com

۴ ------- چوتھی بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ اگر اللہ چاہے تو بغیر واسطے کے براہ راست عطا فرماتا ہے مثلاً بنی اسرائیل کے لئے من و سلوہ، حضرت یونس علیہ السلام کے لئے نئی زندگی، حضرت مریم علیہا السلام کے لئے بے موسم کے پھل، حضرت اسماعیل علیہ السلام کے لئے آب زمزم۔

۵ ------- پانچویں بات یہ معلوم ہوتی ہے جن برگزیدہ انسانوں کو اللہ تعالیٰ اپنا بنا لیتا ہے وہ عام انسانوں سے بہت بلند ہو جاتے ہیں اور ان کو وہ اختیار و اقتدار ملتا ہے جس کا عام انسان تصور بھی نہیں کر سکتا مثلاً حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا پالنے میں بولنا، حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چاند کو شق کرنا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مردوں کو زندہ کرنا، مٹی کے پرندوں میں جان ڈالنا، حضرت سلیمان علیہ السلام کا چیونٹیوں کی باتیں سننا اور ایک دن میں مشرق و مغرب کا سفر کرنا، چرند، پرند، حیوانات اور ہواؤں پر حکومت کرنا۔

۶ ------- چھٹی بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ اللہ کے برگزیدہ بندوں سے جو چیز مس ہو جاتی ہے وہ متبرک و مقدس اور فیض رساں ہو جاتی ہے مثلاً پیرہن یوسف علیہ السلام، خاک پائے جبرئیل، تابوت سکینہ اور حضرت موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کی باقیات صالحات عمامہ، پیرہن، نعلین وغیرہ، حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نشان



Marfat.com

قدم "مقام ابراہیم" وغیرہ وغیرہ۔

۷ ------- ساتویں بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ برگزیدگان حق دنیا سے تشریف لے جانے کے بعد بھی مشکل کشا ہوتے ہیں۔۔۔ مثلاً تعمیر بیت المقدس اور حضرت سلیمان علیہ السلام۔

۸ ------- آٹھویں بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ اگر مصائب پر صبر کیا جائے تو انجام کار سرفرازی نصیب ہوتی ہے مثلاً حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ایوب، حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ، حضرت یونس، حضرت یوسف علیہم السلام کے واقعات و حوادث۔

۹ ------- نویں بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ کفران نعمت کرنے والی قومیں غضب الٰہی کا شکار ہوتی ہیں۔۔۔ مثلاً قوم لوط، قوم صالح، قوم عاد و ثمود، قوم نوح وغیرہ۔۔ (۴۷)

جس قرآن میں یہ حقائق و معارف ہیں اسی میں وہ مکمل دستور حیات ہے جس سے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل معاشرے کی تشکیل نو ہوئی اور نوع انسانی کی انفرادی زندگی، خاندانی و شہری زندگی اور سیاسی و ملکی زندگی میں ایک عظیم انقلاب آیا۔

انفرادی اور اجتماعی زندگی کی تشکیل نو کے لئے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کے وہ حکیمانہ ارکان پیش کئے جس نے قوموں کو مرنے کے بعد زندہ کیا اور ایسا زندہ کیا کہ انہوں نے دوسری مردہ قوموں کو زندہ کیا۔۔۔ آپ نے اسلام کے ارکان



Marfat.com

خمسہ کلمہ توحید، نماز، روزہ، زکوۃ اور حج کی تعلیم دی۔۔۔ کلمہ توحید نے انسانی فکر میں حیرت انگیز انقلاب برپا کیا سارے باطل خداؤں کی نفی نے انسانی فکر و عمل کی تعمیر و تشکیل میں ایک اہم کردار ادا کیا، جس ماحول میں انسان کو باطل خدا نظر آتے تھے اور ہر وقت وہ اپنے ماحول سے ڈرتا سہمتا رہتا تھا۔ کلمہ توحید پڑھ کر سارا غبار چھٹ گیا اور انسان نڈر بن گیا اس کے حوصلے بڑھ گئے اس کی ہمتیں بلند ہو گئیں اور فکر و نظر میں ایک ایسی ذات جلوہ گر نظر آنے لگی جس نے موت کو بھی دلربا بنا دیا اور انسان زمین سے آسمان تک بلند ہو گیا، سارے جہاں کا مغلوب غالب ہو گیا۔ بے شک۔۔۔ ع

ایام کا مرکب نہیں، راکب ہے قلندر

کلمہ توحید نے اگر انسانی فکر میں انقلاب برپا کیا تو نماز نے عملی طور پر اس کی منتشر قوتوں کو یک جا کیا، باطل خداؤں کے آگے جھکنے والا اب صرف ایک اللہ کے آگے جھکنے لگا، اور ہزار سجدوں سے آزاد ہو گیا اور اس پر پہلی مرتبہ یہ راز منکشف ہوا کہ وہ خالق کائنات کا ایک عظیم شاہکار ہے جس میں نہ معلوم کتنی قوتیں اور امکانات پوشیدہ ہیں جو اگر کام میں لائی جائیں تو انسان ایک مافوق الفطرت طاقت بن کر ابھر سکتا ہے۔

زکوۃ نے انسان کی معیشت میں انقلاب برپا کیا اور وہ انسان جو نان شبینہ کا محتاج تھا دوسروں کے آگے ہاتھ پھیلاتا تھا، اب غنی ہو گیا، دوسروں کو دینے لگا اور اتنا دیا، اتنا دیا کہ لینے والے بھی نہ رہے۔۔۔ فقر و مسکینی کی جگہ استغنا نے لے لی۔۔۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو ایسا خوددار اور باغیرت بنایا جس کی نظیر تاریخ میں نہیں ملتی۔



Marfat.com

آپ نے فرمایا:-

سوال ذلت ہے اگر چہ والدین ہی سے کیوں نہ ہو

ایسی خودداری کا سبق دینے والے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ایک پست اور مسکین قوم کو اتنا بلند کیا کہ سارا عالم اس کا بھکاری بن گیا--- بے شک مرد مومن کی یہ شان نہیں کہ وہ دوسروں کے آگے ہاتھ پھیلائے، وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام ہے جن کی شان یہ تھی---

کونین کا غم، یاد خدا، درد شفاعت

دولت ہے یہی دولت سلطان مدینہ

حج نے مسلمانوں کی زندگی میں ایک انقلاب برپا کیا اور ان کو اجتماعیت اور بین الاقوامیت کا گر بتایا--- گھروں میں بند ہونے والے اور شہروں میں محدود رہنے والے انسانوں کو دنیا کی سیر کرائی، سارے عالم کے انسانوں کو ایک مرکز پہ جمع کر کے اپنے پیاروں کے آثار دکھائے اور سب کے دل میں اپنی لگن لگائی تاکہ دل و دماغ قوی ہوں اور آگے بڑھنے کا حوصلہ پیدا ہو ارکان حج کیا ہیں یادوں کے چراغ ہیں--- اپنی تاریخ کو یاد رکھنا زندہ رہنے کے لئے ضروری ہے---اقبال نے خوب کہا ہے---



Marfat.com

ضبط کن تاریخ را زندہ شو
از نفس ہائے رمیدہ پائندہ شو

جب انسان ارکان حج ادا کرتا ہے اس کو کیا کیا یاد آتا ہے.... حضرت ابراہیم علیہ السلام کا وادی مکہ میں پہلے پہل آنا، حضرت اسماعیل اور حضرت ہاجرہ کو تنہا چھوڑ کر جانا، حضرت ہاجرہ کا پانی کے لئے، ادھر ادھر دوڑنا، حضرت اسماعیل کی ایڑھیوں کی رگڑ سے پانی کا پھوٹ پڑنا، دربار الٰہی میں فرزند دل بند کی قربانی پیش کرنے کے لئے ابراہیم علیہ السلام کا چل پڑنا، شیطان کا وسوسے ڈالنا اور آپ کا کنکریاں پھینکنا، حضرت اسماعیل علیہ السلام کا قربانی کے لئے تیار ہونا اور باپ کا پیشانی کے بل بیٹے کو زمین پر لٹانا، کلام الٰہی کی گونج سے عالم کا تھرا اٹھنا اور قربانی کا دربار الٰہی میں قبول ہونا، تعمیر کعبہ کے لئے حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کا مستعد ہونا اور تعمیر کعبہ کے بعد اعلان حج کرنا، سارے عالم سے حاجیوں کا امنڈ پڑنا، پھر دعا کیلئے ہاتھ اٹھانا اور رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) منتظر کی آمد آمد کی تمہید اٹھنا.... اللہ اللہ حج کیا ہوتا ہے صدیوں کی تاریخ نظروں میں سما جاتی اور ایک ایک رکن میں محبوبان خدا کے جلوے نظر آتے ہیں اور ان کے مقام اور منزلت کا اندازہ ہوتا ہے اور دل ایک عجیب کیف و سرور سے آشنا ہوتا ہے۔

حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبادات کے بعد معاملات اور اخلاق کا درس دیا اور دانائی و حکمت کے ایسے ایسے اسرار بتائے کہ پستی کی طرف جانے والی قوم بلندی کی طرف جانے لگی

انفرادی زندگی میں تہذیب نفس کیلئے آپ نے وہ کچھ بتا دیا جسمیں پیغمبرانہ حکمت



Marfat.com

کی شان نظر آتی ہے ---- مثلاً امر بالمعروف نہی عن المنکر، ضبط نفس کہ نفس کی بیقراری ساری برائیوں کی اصل ہے، گناہوں سے مغفرت، اللہ کی رحمت سے امیدواری، تواضع وانکسار، ملنا جلنا رشتہ داریوں کو قائم رکھنا، عیادت و تعزیت، مجالس و محافل، خط و کتابت، دعوت و ضیافت میزبانی و مہمان نوازی، کھانے پینے، پہننے اوڑھنے، سونے جاگنے، چلنے پھرنے، بیٹھنے اٹھنے، آنے جانے، بقاء نسل، اور تربیت وغیرہ کے تمام جزئیات سمیٹ کر پوری زندگی کو اپنے دامن رحمت میں لے لیا۔

خاندانی اور شہری زندگی کو بلند سے بلند تر بنانے کے لئے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان امور کا حکم دیا، والدین اور عزیزوں سے حسن سلوک، تہذیب و تمدن کو برباد کرنے والے جرائم کی روک تھام اور سزاؤں کا تعین، اخلاق حسنہ، بیع و شراء، نکاح و میراث، معاہدات کی پابندی، عدل و انصاف، وصیت و ولادت، امانت و خود داری، کسب حلال، جان و مال کا تحفظ، بحری و بری سفر کی ترغیب، اشاعت علم اور تحصیل علم کی ترغیب، کفایت شعاری و میانہ روی، لغویات سے پرہیز، وقت اور مال کے ضیاع اور اسراف و تبریز سے پرہیز، شراب خوری اور قمار بازی کی ممانعت، بدگمانی، تفاخر اور طعنہ زنی کی ممانعت، غیبت و تہمت طرازی کی ممانعت، حقوق انسانی میں عدل وانصاف کا قیام، سوال کرنے کی ممانعت ---- وغیرہ وغیرہ۔

حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیاسی، ملکی سطح پر جو تعلیمات ارشاد فرمائیں ان میں دانائی اور حکمت کے راز پنہاں ہیں آپ نے فرمایا بڑے بڑے شہر آباد نہ کرو کہ سارے فتنے بڑے شہروں سے پیدا ہوتے ہیں ---- آپ نے مطلق العنان بادشاہوں اور سربراہان مملکت کو اللہ کے احکام کا پابند فرمایا ان کے اختیارات



Marfat.com

کو محدود کیا اور غیر ضروری اخراجات پر پابندی لگا کر قومی خزانے کا نگہبان و محافظ بنایا، دشمن کے مقابلے کے لئے ہمیشہ تیار رہنے اور آلات حرب کو آراستہ رکھنے کی ہدایت فرمائی ---- دوران جنگ شہریوں، بوڑھوں، بچوں، عورتوں اور عابدوں کو قتل کرنے، عمارتوں اور عبادت گاہوں کو ڈھانے اور فصلوں کو تباہ کرنے کی سختی سے ممانعت فرمائی اور ایک شاندار دستور جنگ دیا، جس پر اس ترقی یافتہ دور میں بھی عمل نظر نہیں آتا، جہاں جرم ضعیفی کی پاداش میں ہزاروں قتل کئے جاتے ہیں اور کوئی پرسان حال نہیں ---- حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ضعفاء کی حمایت فرمائی اور قوی سے ضعیف کا حق دلوایا --- معاشرے میں ابتری و بد نظمی جب ہی پیدا ہوتی ہے جب قوی اپنی قوت کے بل بوتے پر ضعیف کا حق چھیننے کی کوشش کرتا ہے اور کوئی اس کو روکنے ٹوکنے والا نہیں ہوتا ---- انسان خون بہانے کا عادی ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ اعلان فرما کر وقار زندگی بلند کر دیا، آپ نے فرمایا: --

> لوگو! تمہارے خون، تمہارے مال، تمہاری عزتیں ایک دوسرے پر حرام کر دی گئیں ---- خبردار ایسا نہ ہو کہ تم میرے بعد ایک دوسرے کی گردن مارنے لگو۔ (۴۸)

پھر آپ نے خاندان کا ایک خون معاف کر کے عفو و درگزر کی زندہ مثال قائم کی اور آن کی آن میں قبائل میں ہونے والی صدیوں کی خون ریزی کو بند کر دیا اور لوگوں کو اخوت و محبت کے بندھن میں باندھ دیا ---- مسلمان تو مسلمان آپ نے ایسے غیر مسلم کے قتل کی بھی سختی سے ممانعت فرمائی جو مسلمانوں کی حفاظت میں ہو یا



Marfat.com

جس نے مسلمانوں کے ساتھ معاہدہ کیا ہو۔

آپ نے فرمایا: ۔۔

جس نے معاہد غیر مسلم کو قتل کیا وہ کبھی جنت کی خوشبو نہ سونگھے گا

اور مظلوم کے قتل پر یہ وعید سنائی: ۔۔

آسمان و زمین کی تمام مخلوق اس کے قتل پر متفق بھی ہو جائے تو بھی اللہ ان کو سزا دئے بغیر نہیں چھوڑے گا

آپ نے خود قتل و خون ریزی سے اتنا اجتناب کیا کہ فتح مکہ اس کی روشن مثال ہے ۔۔۔۔ جب فتح و کامرانی قدم چوم رہی تھی، جب برسوں کے دشمن پر آپ غالب آچکے تھے جب جذبات شباب پر تھے اور ہر مسلمان انتقام کے لئے بے چین تھا کہ اچانک آواز آئی: ۔۔

- ۔۔۔۔ جو شخص ہتھیار پھینک دے اسے قتل نہ کرو۔
- ۔۔۔۔ جو شخص اپنے گھر میں یا دشمن کے گھر میں بند ہو جائے اسے قتل نہ کرو۔
- ۔۔۔۔ جو بھاگ جائے اس کا تعاقب نہ کرو۔
- ۔۔۔۔ جو زخمی ہو جائے اسے قتل نہ کرو۔

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سارے دشمنوں کو امان دے کر ایک ایسی مثال قائم کی جس کی نظیر نہیں ملتی

آپ کی تعلیمات کا مقصد عظمیٰ اور حاصل، تزکیہ روح اور تزکیہ فکر و نظر تھا ۔۔۔۔ دل و دماغ کا زنگ صاف ہو جائے تو زندگی، زندگی بن جاتی ہے ۔۔۔۔ ساری



Marfat.com

کوششوں کا مآل یہی تزکیہ نفس ہے دعائے خلیل میں جس کی آرزو کی گئی اور ارشاد خداوندی میں جس کا ذکر کیا گیا---- تزکیہ سے انسان بنتا ہے انسان سے قوم بنتی ہے قوموں سے جہاں بنتے ہیں ---- انسان، انسان نہیں تو کچھ بھی نہیں ---- آبادیاں بھی ویران ہیں، بلکہ ویرانے سے زیادہ دہشت ناک، جہاں زندہ رہنا مشکل ہے، جہاں عزت سنبھالنا مشکل ہے

حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ صنعتیں قائم کیں نہ شہر آباد کئے، آپ نے تو دل آباد کئے اور دل کیا آباد ہوئے سارا جہاں آباد ہو گیا

حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نوع انسانی کو مرکز توحید رسالت پر جمع کیا اور ایک مرکزی فکر عطا فرمایا ---- اس میں امیر بھی تھے، غریب بھی تھے، کالے بھی تھے، گورے بھی تھے ---- عجمی بھی تھے اور عربی بھی تھے ---- کمیونسٹوں نے اسلام ہی سے مرکزیت کا یہ سبق سیکھا مگر انہوں نے غربت و مسکینی پر سارے عالم کو جمع کرنا چاہا لیکن یہ تو سارے عالم کو جمع کرنا نہ ہوا بلکہ سارے عالم کے ایک طبقے کو جمع کر کے دوسرے طبقے کے خلاف بھڑکانا ہوا ---- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جن امیروں کو غریبوں کا سہارا بنایا تھا، اب ان امیروں کو غریبوں کا حریف بنا کر ایک کبھی نہ ختم ہونے والی جنگ شروع کر دی گئی ---- اسلام کسی کو کسی کے خلاف نہیں بھڑکاتا۔ اس کا پیغام سارے عالم کے لئے ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم "رحمت للعالمین" ہیں ---- غریبی اور امیری ایک اضافی چیز ہے ---- آج جو غریب ہے کل وہ امیر بن سکتا ہے اور آج جو امیر ہے کل وہ غریب ہو سکتا ہے ---- تو کمیونسٹ نظام کی بنیاد جس نظریہ پر ہے وہ تو ہل رہی ہے وہ توڑ رہی ہے



Marfat.com

.... مگر توحید کا پرستار جہاں ہے ایک حالت پر ہے، اس کی اساس فکر قائم و دائم اور حیّ و قیوم ہے .... یہ نہایت جاندار و پائدار ہے .... اسی لئے کمیونسٹوں کے پیغام میں وہ تاثیر نہیں جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دانش و حکمت میں ہے کیوں کہ پیچھے ایک ایسی تابناک شخصیت تھی جو سراپا عمل تھی آپ نے جو کچھ کہا پہلے خود کر کے دکھایا بلکہ اوروں سے زیادہ کر کے دکھایا۔ یہی وجہ ہے کہ پیغام کی تاثیر کا عالم یہ تھا کہ سارے جہاں کے لوگ کھنچے کھنچے چلے آرہے تھے اور دنیا کی کایا پلٹ رہی تھی .... تھامس کارلائل محمد رسول اللہ صلی علیہ وآلہ وسلم کی مقدس شخصیت اور پیغام کی تاثیر کی یہ کیفیت دیکھ کر بے ساختہ کہہ اٹھا:۔

"آپ کا آنا گویا تاریکی میں روشنی کا آنا تھا، ملک عرب زندہ ہوگیا .... عرب گلہ بانوں کی ایک غریب قوم تھے، چٹیل میدانوں میں پھرا کرتے تھے، کسی کو ان کا خیال بھی نہ آتا تھا کوئی ان کے متعلق سوچتا بھی نہ تھا .... اس قوم میں ایک اولو العزم پیغمبر مبعوث ہوا اور ایک ایسی کتاب لایا جس پر وہ دل و جان سے ایمان لے آتے .... پھر کیا ہوا؟ .... اس کا سارے عالم میں چرچا ہونے لگا .... جس کو کوئی نہ جانتا تھا اس کو سب جاننے لگے .... ایک اور صدی کے اندر اندر عرب کے ایک طرف غرناطہ تھا اور دوسری طرف دہلی .... عرب کی بہادری و عظمت اور عقل کی روشنی عرصہ دراز تک دنیا کے ایک بڑے حصے پر چمکتی رہی .... گویا ایک چنگاری ریگستان کے ظلمت



Marfat.com

کدے میں گر پڑی اور وہ بارود بن کر پھٹ گئی اور غرناطہ سے
دہلی تک کی فضاؤں کو روشن کر گئی"۔(۴۹)

اور یہی سیرت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور پیغام محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اعجاز تھا کہ جب دور جدید کا ایک فاضل مائیکل ہارٹ دنیا کے سو انسانوں کو انتخاب کرنے لگا تو مجبور ہو گیا کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام نامی سرفہرست رکھے اور آپ کو سارے عالم کا سرتاج بنائے۔۔۔۔مائیکل ہارٹ اعتراف حقیقت کرتے ہوئے لکھتا ہے:۔۔

He was the only man in history who was supremely successful on both the religious and secular levels ---- Today thirteen centuries after his death, his influence is still powerful and pervasive ----
It is this unparalled combination of secular and religious infuluence, which I feel entitled MUHAMMAD to be considere the most influencial figure in human history. (50)



Marfat.com

# حوالے اور حواشی


۱۔ قرآن حکیم: سورۃ البقرہ: آیت ۱۲۹
۲۔ ڈاکٹر وید پرکاش اپادھیائے، کلکی اوتار اور محمد صاحب، الٰہ آباد (قلمی)
۳۔ ایضاً
۴۔ ڈاکٹر وید پرکاش اپادھیائے، کلنکی اوتار اور محمد صاحب، الٰہ آباد (قلمی)
۵۔ مناظر احسن گیلانی: النبی الخاتم، مطبوعہ دہلی، ص۔ ۴۹، ۵۰، ۵۳
۶۔ قرآن حکیم: سورۃ الصف، آیت ۶
۷۔ قرآن حکیم: سورۃ الانعام، آیت ۲۰
۸۔ قرآن حکیم: سورۃ آل عمران، آیت ۱۶۴
۹۔ قرآن حکیم: سورۃ الاعراف، آیت ۱۵۸
۱۰۔ قرآن حکیم: سورۃ العلق، آیت ۱
۱۱۔ قرآن حکیم: سورۃ العلق، آیت ۵-۱
۱۲۔ محمد بن اسماعیل بخاری: صحیح بخاری، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۲ء، ص۔ ۹۴
۱۳۔ (ا) محمد اسماعیل بخاری: صحیح بخاری، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۲ء، ص۔ ۹۴
(ب) ابن اثیر: اسد الغابہ، مطبوعہ قاہرہ ۱۳۹۰ھ، ج۔۱، ص۔ ۴۷
(ج) ابن حجر عسقلانی: الاصابۃ فی معرفۃ الصحابہ، مطبوعہ مصر ۱۳۳۸ھ، ج۔۱، ص۔ ۱۴
(د) ابن سید الناس: عیون الاثر، ج۔ ۲، ص۔ ۳۱۵، ۳۱۶
۱۴۔ قرآن حکیم: سورۃ المائدہ، آیت ۸۳
۱۵۔ قرآن حکیم: سورۃ بنی اسرائیل، آیت ۱۰۷
۱۶۔ قرآن حکیم: سورۃ احزاب، آیت ۴۴
۱۷۔ احمد بن حنبل: المسند، ج۔ ۴، ص۔ ۲۴۳
۱۸۔ قرآن حکیم سورۃ المزمل، آیت ۴
۱۹۔ ولی الدین محمد عبداللہ: المشکوٰۃ المصابیح، مطبوعہ دہلی، ص۔ ۱۸۸، ۱۸۹
۲۰۔ ابو عبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ قزوینی: سنن ابن ماجہ، مطبوعہ لاہور، ۱۴۰۴ھ، ص۔ ۹۶
۲۱۔ عبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی: سنن نسائی، ج۔۱، ص۔ ۱۰۷
۲۲۔ سنن ابن ماجہ، ص۔ ۱۹۶
۲۳۔ ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری: صحیح مسلم، قشیری: صحیح مسلم، مطبوعہ دہلی، ۱۳۴۹ھ، ج۔۱، ص۔ ۲۶۸
۲۴۔ قرآن حکیم: سورۃ المائدہ، آیت ۶۷
۲۵۔ قرآن حکیم: سورۃ فرقان، آیت ۵




Marfat.com

۲۶۔ محمد بن اسماعیل بخاری: صحیح بخاری، ج۔ ۲، ص۔ ۷۵۲

۲۷۔ ابو عیسیٰ ترمذی: جامع الترمذی، ج۔ ۲، ص۔ ۱۱۵

۲۸۔ ابن قتیبہ الدنیوری: حلیۃ الاولیاء، الطبقات الاصفیا، مطبوعہ قاہرہ، ص۔ ۱۷۴

۲۹۔ حفظ الرحمٰن سیوہاروی: دعوت نامے، مطبوعہ دہلی، ص۔ ۷۱، ۷۲

۳۰۔ ایضاً، ص۔ ۱۱۲

۳۱۔ ایضاً، ص۔ ۱۲۵

۳۲۔ ایضاً، ص۔ ۱۴۰، ۱۴۶، ۱۶۰، ۱۶۵، ۱۷۱، ۱۷۳، ۱۹۶، ۲۰۲ اور ۲۰۵

۳۳۔ قرآن حکیم: سورۃ الانعام، آیت ۳۸

۳۴۔ قرآن حکیم: سورۃ النحل، آیت ۸۹

۳۵۔ قرآن حکیم: سورۃ الانعام، ۱۱۳

۳۶۔ جلال الدین سیوطی: الاتقان فی علوم القرآن، ج۔ ۲، ص۔ ۱۲۷، ۱۲۸

۳۷۔ قرآن حکیم: سورۃ الحدید، آیت ۹

۳۸۔ قرآن حکیم: سورۃ نجم، آیت ۱۰

۳۹۔ احمد بن محمد الغماری الحسنی: اسلام اور عصری ایجادات (ترجمہ اردو)، مطبوعہ لاہور، ۱۹۸۰ء، ص۔ ۲۸

۴۰۔ ایضاً، ص۔ ۴۱

۴۱۔ ایضاً، ص۔ ۴۲

۴۲۔ ایضاً، ص۔ ۶۵

۴۳۔ ایضاً، ص۔ ۷۱

۴۴۔ ایضاً، ص۔ ۷۲

۴۵۔ ایضاً، ص۔ ۷۳

۴۶۔ ایضاً، ص۔ ۸۳

۴۷۔ علامہ عبدالمصطفےٰ اعظمی: عجائب القرآن، مطبوعہ لاہور، ۱۹۸۳ء

۴۸۔ محمد بن اسماعیل بخاری: صحیح بخاری، مطبوعہ لاہور، ۱۹۸۳ء

۴۹۔ Thomas Carlyle: On Heroes and Hero-worship, London 1963.

۵۰۔ Michael H.Hart: The 100 -- A Ranking Of The Most Influencial Persons of History, New York



Marfat.com




Marfat.com

Marfat.com

Idara-e-Mas'udia, Karachi
ادارۂ مسعودیہ کراچی

وکونوا مع الصادقین

اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ

Marfat.com

Idara-e-Mas'udia, Karachi ادارۂ مسعودیہ کراچی

وکونوا مع الصادقین

اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ

Marfat.com